# 36948 ـ ایسی کوئي دعاءنہیں جوخصوصا مقام ابراھیم پرمانگی جاتی ہو

**سوال**

کیا کوئي ایسی معین دعاء ہے جسےمیں مقام ابرھیم پر مانگوں ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

شیخ ابن عثیمین رحمہ اللہ تعالی کہتے ہیں :

بعض حجاج کرام اور عمرہ کرنے والے حضرات مقام ابراھیم کےپاس کھڑے ہوکرایسي دعاء مانگتے ہیں جوکہ نبي کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت نہیں ، اورکبھي تو بلند آواز سے دعاء مانگ کر مقام ابراھیم کے پیچھے طواف کي نماز پڑھنے والوں کوتکلیف دیتے ہیں .

مقام ابراھیم کے لیے کوئي دعاء نہیں بلکہ سنت تویہ ہے کہ مقام ابراھیم پر ہلکي پھلکي نماز ادا کرے اور سلام پھیرتے ہي وہاں سے چل دے تاکہ وہ جگہ کسي دوسرے نماز ادا کرنے والے کے لئے چھوڑ دے کیونکہ وہ اس کا زیادہ حق دار ہے . اھـ.